گھر میں کرنے کے لیے سرگرمیاں

والدین اور سنبھالنے والوں کے لیے معلومات

آپ کا بچہ سکول میں جو سیکھ رہا ہو، اس میں بچے کو اور بہتر بنانے کے لیے اسے کچھ سرگرمیاں دی جائیں گی جو وہ شاید گھر میں کرنا پسند کرے۔

اپنے بچے کو یہ سرگرمیاں مکمل کرنے کی ترغیب دیں اور اس کے کام کے متعلق اس سے بات کریں۔ اپنے بچے کو اس طریقے سے مدد دینے سے آپ سمجھ سکیں گے کہ بچہ سکول میں کیا سیکھ رہا ہے اور بچے کو پتہ چلے گا کہ آپ تعلیم اور سیکھنے کی قدر کرتے ہیں۔

گھر میں سرگرمیاں کرنے سے آپ کے بچے کو موقع ملے گا کہ:

- وہ سکول میں سیکھی ہوئی چیزوں کو دہرائے
- اس کی سمجھ اور صلاحیتوں میں اضافہ ہو
- وہ پڑھائی کے ایسے طریقے سیکھے جنہیں وہ باقی تمام عمر استعمال کرے گا۔

گھر میں اچھی عادتیں ڈالنا

اچھی عادتوں سے آپ کے بچے کو عمر بھر سکول اور عملی زندگی میں مدد ملے گی۔

- سرگرمیاں کرنے کے لیے باقاعدگی سے ایک وقت مقرر رکھیں – روزانہ ایک ہی وقت رہنا چاہیے۔
- ایسا وقت چنیں جو آپ کے بچے کے لیے سب سے بہتر ہو (کچھ بچے صبح کے وقت زیادہ توجہ دے سکتے ہیں، کچھ دوپہر کو)۔

اگر بچے کے پاس آرام دہ جگہ ہو تو اسے کام بہت آسان لگے گا۔

- اپنے بچے کے کام کرنے کے لیے ایک خاموش اور اچھی روشنی والی جگہ مقرر کریں۔
- بچے کی ضرورت کی چیزیں قریب رکھیں جیسے پنسلیں، کاغذ یا کمپیوٹر
- ایسی جگہ چنیں جہاں دھیان بٹانے والی چیزیں نہ ہوں (جیسے ٹی وی یا کمپیوٹر گیمز سے دور)

میں اپنے بچے کو کیسے مدد دے سکتا/سکتی ہوں؟

- تجسّس سے کام لیں اور بچے کے کام کے متعلق سوالات پوچھیں۔
- بچے سے کہیں کہ جو وہ سیکھ رہا ہو، آپ کو بھی سکھائے۔
- چیک کریں کہ کیا بچے کو مدد کی ضرورت ہے۔
- بچے کے کوشش کرنے پر اور سرگرمی مکمل کرنے پر اس کی تعریف کریں۔
- استاد سے ان وسائل کے متعلق پوچھیں جن سے والدین اور سنبھالنے والوں کو مدد مل سکتی ہو۔

یاد رکھیں، گھر میں سرگرمیاں کرنا آپ کے بچے کے لیے ایک اچھا تجربہ ہونا چاہیے۔

اگر سرگرمیاں کرنے کے لیے آپ کے بچے کو زیادہ مدد یا خاص ایڈجسٹمنٹ کی ضرورت ہو تو استاد کو بتائیں۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر (مترجم) کی مدد درکار ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر فون کریں، آپریٹر کو بتائیں کہ آپ کو کس زبان کا انٹرپریٹر چاہیے اور انہیں سکول کو فون کرنے کے لیے کہیں۔ آپریٹر بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے ایک انٹرپریٹر لائن پر مہیا کر دے گا۔ اس سروس کے لیے آپ سے کوئی معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔